E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعرات 8 اکتوبر 2026ء/25 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 239

محکمہ بلدیات کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب کو کابینہ اجلاس میں تفصیلی بریفنگ دی جائیگی/ذرائع

سموگ اور فوگ کا خدشہ، بلدیاتی الیکشن اپریل 2027ء میں کرانے کی تجویز

الیکشن کمیشن کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول بھی کابینہ کمیٹی کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا جبکہ انتخابات کی تاریخ سے متعلق حتمی فیصلہ وزیراعلیٰ پنجاب کی منظوری سے مشروط ہوگا

انتخابات کی نئی تاریخ، شیڈول اور دیگر انتظامی معاملات پر حتمی فیصلہ متعلقہ فورمز پر مشاورت کے بعد کیا جائیگا، حکام

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات مقررہ وقت پر نہ ہونے کی وجہ سامنے آ گئی۔ محکمہ بلدیات پنجاب نے انتخابات دسمبر یا جنوری کے بجائے اپریل 2027ء میں کرانے کی تجویز پر غور شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ بلدیات کی جانب سے متاثرہ محکموں کو تجویز دی گئی ہے کہ 15 دسمبر سے قبل جنوری تک پنجاب میں سموگ اور فوگ کے امکانات کے باعث بلدیاتی انتخابات کی تاریخ تبدیل کی جائے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محکمہ بلدیات پنجاب کی جانب سے متاثرہ محکموں کے انتخابات اپریل 2027ء میں کرانے کی تجویز زیر غور ہے، اس حوالے سے محکمہ بلدیات پنجاب کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب کو کابینہ اجلاس میں تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول بھی کابینہ کمیٹی کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا جبکہ انتخابات کی تاریخ سے متعلق حتمی فیصلہ وزیراعلیٰ پنجاب کی منظوری سے مشروط ہوگا۔ وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے بھی تصدیق کی ہے کہ محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کی تاریخ، شیڈول اور تاریخ تبدیل کرنے کی تجویز زیر غور ہے، وزیراعلیٰ پنجاب کو معاملہ محکومتوں کے انتخابات دسمبر یا جنوری کے بجائے اپریل 2027ء میں کرانے سے متعلق آگاہ کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق انتخابات کی حتمی تاریخ، شیڈول اور دیگر انتظامی معاملات پر حتمی فیصلہ متعلقہ فورمز پر مشاورت کے بعد کیا جائیگا۔

قدرتی آفات کے دوران پاکستان کے باہمت اور ثابت قدم عوام کا اجتماعی اور ہمدردانہ ردعمل ہمارے قابل فخر قومی کردار کا حصہ ہے

شہباز شریف سے موسمیاتی خطرات سے نمٹنا ناگزیر ہے

قومی یوم استقامت 2026 کے موقع پر حکومت اس قومی عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ ہم خطرات سے دوچار ہونے پر ردعمل سے مربوط پیشگی تیاری اور بحالی کے بعد ہم آہنگ پائیدار ترقی کی جانب بڑھیں گے

سیلاب، زلزلوں، لینڈ سلائیڈنگ، جنگلات میں آتشزدگی، وباؤں اور سوگ جیسی قدرتی آفات ہمارے عزم و حوصلے کیلئے باعث امتحان ہیں، شہباز شریف کا قومی یوم استقامت کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قدرتی آفات پر عوام کے اجتماعی اور ہمدردانہ ردعمل کو قابل فخر قومی کردار کا حصہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت کو قومی ترجیحات میں مرکزی حیثیت دینا ہوگا، سیلاب، زلزلوں، لینڈ سلائیڈنگ، جنگلات میں آتشزدگی، وباؤں اور سوگ جیسی قدرتی آفات ہمارے عزم و حوصلے کیلئے باعث امتحان ہیں۔ جمعرات کو 8 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلے کی مناسبت سے منائے جانے والے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)



لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

8 اکتوبر 2005 کو آنیوالے ہولناک زلزلے کو 21 برس بیت گئے

اس تباہ کن و ہولناک زلزلے کی تباہ کاری بے مثال تھی، مگر اس کے مقابلے میں پاکستانی قوم کا جذبہ بھی بے مثال رہا

8 اکتوبر 2005ء کا زلزلہ ایک قیامت خیز سانحہ، ایک ناقابل فراموش قومی یاد اور استقامت کی ایک داستان ہے

مظفر آباد (این این آئی) 8 اکتوبر 2005 کو آنے والے تباہ کن زلزلے کو 21 سال ہو گئے۔ 8 اکتوبر 2005ء کو صبح ساڑھے 8 بجے آنے والے شدید زلزلے سے آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا کے علاقوں کو بڑا نقصان پہنچا تھا، زلزلے کی شدت 8.1 ریکارڈ کی گئی تھی، اس زلزلے سے 86 ہزار سے زائد افراد جاں بحق اور 69 ہزار زخمی ہوگئے تھے۔ لاکھوں مکانات مکمل اور جزوی طور پر تباہ ہوئے، سکول، سرکاری و نجی عمارتیں، پل، سڑکیں تباہ ہوئیں۔ آٹھ اکتوبر 2005 کو پاکستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



اسلام آباد، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث "ٹیر و گینگ" کے دو ملزمان گرفتار، 6 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ کٹس کالونی کی پولیس ٹیم نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث "شیر و گینگ" کے دو ملزمان گرفتار کر کے 6 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



بہریہ کالج فیز ون فیز ٹو اور بحریہ آئی 4 فیز ون میں بجلی بند رہے گی، ایکسین

پولیس نے دو سال سے لاپتا 16 سالہ لڑکی کو بازیاب کرا لیا، بائیکوٹ میں پیش

عدالت نے آئندہ سماعت پر صوبہ بھر میں لڑکیوں کے اغوا کے کیسز سے متعلق تفصیلی پیشرفت رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے صوبہ بھر میں لڑکیوں کے اغوا کے کیسز پر آئی جی پنجاب سے تفصیلی پیشرفت رپورٹ طلب کر لی

لاہور (این این آئی) پولیس نے دو سال سے لاپتا 16 سالہ لڑکی کو بازیاب کرا لیا، بائیکوٹ میں پیش کر دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے آئی جی پنجاب عبدالکریم سے صوبہ بھر میں لڑکیوں کے اغوا کے کیسز پر آئی جی پنجاب سے تفصیلی پیشرفت رپورٹ طلب کر لی۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے عالیہ نیلم نے آئی جی پنجاب عبدالکریم سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

عزیز فاطمہ میڈیکل اینڈ ڈنٹل کالج میں بریسٹ کینسر آگاہی واک کا انعقاد

بریسٹ کینسر قابل علاج مرض ہے اگر بروقت تشخیص ہو جائے تو اس پر قابو پایا جا سکتا ہے

واک میں ایم ایس ڈاکٹر ثمر الطاف، پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر غلام عباس و دیگر نے شرکت کی

فیصل آباد (پ ر) عزیز فاطمہ میڈیکل اینڈ ڈنٹل کالج میں بریسٹ کینسر کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا اور بروقت تشخیص کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ واک میں ایم ایس ڈاکٹر ثمر الطاف، پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر غلام عباس، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ثمینہ رفیق، ڈاکٹر فرحان اسلم، ڈاکٹر ثمینہ ظفر، ڈاکٹر عائشہ ناصر، ڈاکٹر ثمینہ ارشد


Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر/چیف: وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افصالی پرنٹنگ پریس پاک گول مین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

حاجی زاہد عزیزی رحمہ اللہ ایک نیک سیرت انسان کی یاد



8 اکتوبر 2024 ہمارے خاندان کے لیے ایک ناقابل فراموش دن ہے۔ اس روز ہمارے وقیع محترم حاجی زاہد عزیزی رحمہ اللہ اس دارفانی سے رخصت ہو کر اپنے خالق حقیقی کے حضور حاضر ہوئے۔ ان کا انتقال اہل خانہ، عزیز و اقارب اور ان سے محبت رکھنے والوں کے لیے ایک بڑا صدمہ تھا، لیکن ان کی نیک سیرت، دینی وابستگی اور محبت و شفقت سے بھرپور زندگی آج بھی ان کی یاد کو زندہ رکھے ہوئے ہے۔

حاجی زاہد عزیزی رحمہ اللہ ایک نیک، دین دار شخص اور سادہ مزاج انسان تھے۔ ان کی زندگی میں دین سے محبت اور نیک لوگوں سے تعلق نمایاں طور پر نظر آتا تھا۔ خصوصاً علما کرام اور حفاظ قرآن سے انہیں بے حد عقیدت و عقیدت تھی۔ وہ اہل علم کی عزت و تکریم کو اپنے لیے سعادت سمجھتے اور ان سے محبت و احترام کے ساتھ پیش آتے تھے۔

ان کی نمایاں خصوصیت یہ بھی تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے خاندان میں قرآن و علم دین کی شمع روشن فرمائی۔ ان کی نسل میں کئی حفاظ قرآن اور علما کرام موجود ہیں۔ بلاشبہ ایک مسلمان کے لیے اس سے بڑی سعادت کیا ہو سکتی ہے کہ اس کی اولاد اور نسل قرآن کریم سے وابستہ ہو اور دین کی خدمت کو اپنا مقصد بنائے۔ امید ہے کہ ان کی نسل میں جاری یہ دینی سلسلہ ان کے لیے صدقہ جاریہ کا ذریعہ بنے گا۔

والد کا مقام

والد اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ عظیم نعمتوں میں سے ایک ہیں۔ قرآن کریم نے والدین کے ساتھ حسن سلوک کی خصوصی تاکید فرمائی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اور تمہارے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تم اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔"

سورہ اسراء(23)

والد کا مقام اتنا بلند ہے کہ نیک اولاد کی دعائیں ان کے درجات کو اور بلند کر دیتی ہیں۔ اسی لیے ہر نیک اولاد کو چاہیے کہ وہ اپنے والدین کے لیے ہمیشہ دعا گو رہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب انسان دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے، سوائے ان امور کے جن میں صدقہ جاریہ، نفع دینے والا علم اور نیک اولاد کی دعا شامل ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کی اولاد اور نسل کو دین و قرآن سے وابستہ رکھے اور انہیں اپنے والد کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان کی مغفرت کے لیے کثرت سے دعا کرنے کی توفیق عطا فرمائے، ان کی قبر کو نور و سکون سے بھر دے، قبر کی منزلیں آسان فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

اللہ تعالیٰ ان کی اولاد اور نسل کو دین و قرآن سے وابستہ رکھے اور انہیں اپنے والد کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔

ہمیں اپنے والدین کی زندگی میں ان کی قدر، خدمت اور فرمانبرداری کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین یارب العالمین۔

حاجی زاہد عزیزی رحمہ اللہ

تاریخ وفات: 8 اکتوبر 2024

تحریر حافظ عبدالعزیز

صدر مہتمم ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی

ڈائریکٹر سی فوڈز پاکستان

رہیں گی۔

خوشی کے مواقع ہر ان کی کمی محسوس ہوگی، مشکل وقت میں ان کی شفقت یاد آئے گی اور زندگی کے کئی موڑ ایسے ہوں گے جہاں دل بے اختیار کہے گا کہ کاش والد صاحب آج ہمارے درمیان ہوتے۔

نیکی محبت کا رشتہ ہے۔ انسان دنیا سے چلا جاتا ہے، مگر اس کی اچھی یادیں اور نیک اثرات باقی رہتے ہیں۔

اہل احباب سے دعائے مغفرت کی درخواست

اس موقع پر ہم تمام عزیز و اقارب، دوست احباب، علما کرام، حفاظ قرآن اور قارئین سے مدبانہ درخواست کرتے ہیں کہ حاجی زاہد عزیزی رحمہ اللہ کو اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

اللہ تعالیٰ ان کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی تمام لغزشوں سے درگزر فرمائے، نیکیوں کو شرف قبولیت عطا فرمائے، قبر کو نور و سکون سے بھر دے، قبر کی منزلیں آسان فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

اللہ تعالیٰ ان کی اولاد اور نسل کو دین و قرآن سے وابستہ رکھے اور انہیں اپنے والد کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔

ہمیں اپنے والدین کی زندگی میں ان کی قدر، خدمت اور فرمانبرداری کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین یارب العالمین۔

حاجی زاہد عزیزی رحمہ اللہ

تاریخ وفات: 8 اکتوبر 2024

محسن نقوی کی بروقت حکمت عملی، لانگ مارچ کے لیے امن و امان کا مکمل انتظام

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا یہ کہنا کہ لانگ مارچ سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے اور نہ پریشانی، بلکہ امن و امان برقرار رکھنے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مکمل بندوبست موجود ہے، موجودہ سیاسی صورت حال میں ایک اہم ریاستی مؤقف کی عکاسی کرتا ہے۔ جمہوری معاشرے میں احتجاج، اختلاف رائے اور سیاسی سرگرمی ہر شہری اور سیاسی جماعت کا بنیادی حق ہیں، تاہم اس حق کے ساتھ آئین و قانون کی پابندی بھی لازم ہے۔ سیاسی احتجاج اگر پُرامن رہے تو وہ جمہوری عمل کا حصہ ہوتا ہے، لیکن جب احتجاج توڑ پھوڑ، سرکاری املاک کی توڑ پھوڑ اور قانون توڑنے والے عناصر کے درمیان واضح فرق دکھائی نہ دے تو ریاست کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ قانون کی عمل داری یقینی بنائے۔

محسن نقوی نے اپنی پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ میں وفد کے ساتھ متعدد معاملات پر اتفاق ہو چکا تھا، تاہم غیر مختتم دھرنے کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی جانب سے مذاکرات سے اختلاف کے بعد بات چیت کا سلسلہ ختم ہو گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ کے مطابق حکومت کو اس امر پر بھی اعتراض نہیں کہ سیاسی جماعتیں احتجاج کریں، لیکن اسلام آباد پر دھاوا بولنے یا قانون ہتھی کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ان کا یہ مؤقف بھی سامنے آیا کہ لانگ مارچ کے دوران کوئی جانی نقصان ہوا تو اس کی ذمہ داری خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ پر عائد ہوگی۔

اس صورت حال کو محض حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ایک اور سیاسی محاذ آرائی کے طور پر دیکھنا مناسب نہیں ہوگا۔ اس معاملے کا ایک اہم پہلو شہریوں کا تحفظ، دارالحکومت کا امن اور ریاستی اداروں کی ذمہ داری بھی ہے۔ اسلام آباد ملک کا دارالحکومت ہے جہاں پارلیمنٹ، اعلیٰ عدلیہ، سفارتی مشن، عام سرکاری ادارے اور لاکھوں شہریوں کی روزمرہ زندگی وابستہ ہے۔ کسی بھی سیاسی احتجاج کو دوسرے انتہا پر پہنچنے یا ناممکن بنا دینا ضروری ہے کہ سیاسی سرگرمی اور عام شہریوں کے بنیادی حقوق ایک دوسرے سے ٹکرا نہ جائیں۔

تجزیہ بی بی سی

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان طویل عرصے بعد مذاکرات کا جو سلسلہ شروع ہوا تھا، اس سے پیدا ہونے والی امیدوں کا اچانک دم توڑ دینا بلاشبہ افسوس ناک سیاسی پیش رفت ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے مطابق اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹی نے خلوص نیت کے ساتھ بات چیت کی اور تقریباً 99 فیصد معاملات پر اتفاق رائے پیدا ہو چکا تھا، جبکہ باقی دو نکات پر بھی بڑی حد تک پیش رفت ہو چکی تھی۔ تحفظ اسٹارٹ گاڑیوں کی بازیابی کے باعث گرین بیلٹ کی خوبصورتی اور افادیت متاثر ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ گندگی کے ڈھیروں کے باعث علاقے کا سماں راہ گیروں کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ درخواست (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

ذاکرات کی ناکامی، سیاسی مفاہمت کا راستہ پھر بھی کھلا ہے

ذاکرات کسی معمول کے سیاسی ماحول میں نہیں ہو رہے تھے۔ ملک پہلے ہی سیاسی بے چینی، اقتصادی سرگرمیوں، باہمی عدم اعتماد اور سکیورٹی کے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ ایسے ماحول میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان اور اسے بات چیت کا آغاز نہ ہونا خود ایک منفی پیش رفت تھی۔ اگر یہ مذاکرات کسی واضح نتیجے تک پہنچ جاتے تو نہ صرف فریق کی طاقت کا اظہار ہوتا بلکہ ملک کو ایک بڑی بے یقینی سے بھی نکالا جا سکتا تھا۔

تاہم اب جب مذاکرات ختم ہو چکے ہیں تو سوال یہ ہے کہ آگے کیا ہوگا؟ کیا سیاسی قیادت ایک بار پھر ٹکراؤ کی طرف بڑھے گی یا کوئی درمیانی راستہ نکالا جائے گا؟ ماضی کا تجربہ بتاتا ہے کہ ایسے مواقع پر سب سے بڑا نقصان عام شہری کا ہوتا ہے، جو پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور غیر یقینی کا شکار ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ سیاسی قیادت اپنی انا سے بالاتر ہو کر ریاست اور عوام کے مفاد کو ترجیح دے۔

مذاکرات کی ناکامی کا ایک بڑا نقصان یہ بھی ہوا کہ اس سے ان قوتوں کو تقویت ملی جو سیاسی حل کے بجائے ٹکراؤ کو ترجیح دیتی ہیں۔ ایسی قوتیں ہمیشہ اس تاک میں رہتی ہیں کہ کب سیاسی قیادت ناکام ہو اور کب وہ خود کو متبادل کے طور پر پیش کریں۔ اس لیے سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسی قوتوں کو موقع نہ دیں۔

اب سوال یہ ہے کہ آگے کیا ہو سکتا ہے؟ ایک امکان یہ ہے کہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرنے پر توجہ دے اور اپوزیشن احتجاج کی سیاست جاری رکھے، جس سے ملک میں سیاسی درجہ حرارت بلند رہے گا۔ دوسرا امکان یہ ہے کہ کسی ثالث کے ذریعے بیک ڈور رابطے بحال ہوں اور مذاکرات کا ٹوٹا ہوا سلسلہ دوبارہ جڑ جائے۔ تیسرا امکان یہ ہے کہ ٹکراؤ بڑھے اور ملک ایک نئے بحران میں داخل ہو جائے۔

ذاکرات کی ناکامی کے باوجود یہ بات اہم ہے کہ ان مذاکرات کا مکمل طور پر ضائع ہو جانا بھی درست نہیں ہوگا۔ ان مذاکرات کے دوران جو نکات طے ہوئے، جو اعتماد سازی کی کوششیں ہوئیں، وہ سب ریکارڈ پر موجود ہیں۔ مستقبل میں اگر کوئی بھی فریق دوبارہ بات چیت کا فیصلہ کرتا ہے تو یہ سارا کام ضائع نہیں جائے گا۔ یہ ایک طرح کا بیک چینل رابطہ بھی ثابت ہو سکتا ہے، جو فوری طور پر نظر نہ آئے مگر بحران کے وقت بہت کام آتا ہے۔

اس وقت سب سے بڑی ضرورت سیاسی درجہ حرارت کو کم کرنے کی ہے۔ اگر دونوں فریق ایک دوسرے کو دشمن سمجھنے کے بجائے مخالف سمجھ کر بات کریں تو راستہ نکل سکتا ہے۔ میڈیا کو بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا اور ایسے بیانیے سے گریز کرنا ہوگا جو تقسیم کو مزید گہرا کرے۔ سیاست میں لچک کمزوری نہیں بلکہ بصیرت کی علامت ہوتی ہے، اور آج اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

تجزیہ بی بی سی اردو

بیگزٹیری رحمان کا بھی کہنا ہے کہ رات ساڑھے آٹھ بجے تک تقریباً تمام معاملات طے پا چکے تھے۔ تاہم اس کے بعد پیغام حکومت کی طرف سے نئی شرائط عائد ہونا مذاکراتی عمل کے لیے رکاوٹ بن گیا۔

یہ صورتحال اس لیے زیادہ تشویش ناک ہے کہ حقوق ایک دوسرے سے متصادم نہ ہوں۔ تجربہ بی این پی کے مطابق حکومت کے لیے اصل امتحان یہ نہیں کہ وہ کسی سیاسی جماعت کے لانگ مارچ کو روکنے میں کتنی حد تک کامیاب ہوگی بلکہ اس کا یہ امن اور آئین برقرار بھی ہے۔ اگر کسی احتجاج کے نتیجے میں سرکاری عمارتوں، پولیس اہلکاروں، میڈیا نمائندوں، دکانوں، گاڑیوں یا عام شہریوں کو نقصان پہنچتا ہے تو اس سے سیاسی مطالبات کی اخلاقی اور عوامی اہمیت بھی متاثر ہوتی ہے۔ سیاسی جماعتوں کو اپنے کارکنوں کے رویے کی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی۔

اور شرپسند عناصر کو اپنے سیاسی احتجاج کا حصہ بننے سے روکنا ہوگا۔

محسن نقوی نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ وفاقی حکومت چاہتی ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاست کا ساتھ دے۔ یہ معاملہ سیاسی اختلاف سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ خیبر پختونخوا اس وقت دہشت گردی کے سنگین چیلنجز سے دوچار ہے اور ایسے حالات میں اتحاد اور اس سے محبت و درمیان مؤثر تعاون قومی ضرورت ہے۔ سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے اور مشترکہ حکمت عملی کو متاثر نہیں ہونا چاہیے۔ یہی ضروری ہے کہ وفاقی حکومت اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان سیاسی اختلافات کو ادارہ جاتی تصادم میں تبدیل نہ ہونے دیا جائے۔ مرکز اور صوبے ایک دوسرے کی مخالف کا محاذ نہ کھولیں۔

اگر سیاسی اختلافات بڑھتے ہوئے انتظامی محاذ آرائی کی شکل اختیار کریں تو اس کا نقصان براہ راست عوام کو پہنچتا ہے۔ اس لیے موجودہ کشیدگی میں سیاسی قیادت کے لیے بہتر راستہ یہی ہے کہ وہ بیان بازی میں شدت پیدا کرنے کے بجائے اپنے رابطے متواتر کرے۔ جن معاملات کو دوبارہ سیاسی اور آئینی مکالمے کے لیے کابھی قابل توجہ ہے کہ لانگ مارچ سے نمٹنے کے لیے مکمل انتظام کیا گیا ہے۔ یقیناً امن و امان کی منصوبہ بندی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کسی بھی بڑے احتجاج سے قبل انتظامیہ کو شہریوں کی آمد و رفت، پبلک ٹرانسپورٹ تک رسائی، ایمبولینس سروس، کاروباری سرگرمیوں اور عام تعمیلیات کی حفاظت کے لیے مناسب انتظامات کرنا ہوتے ہیں۔

دوسری جانب سیاسی قیادت کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ احتجاج کی کامیابی کا معیار صرف ہجوم کی تعداد یا دارالحکومت تک پہنچنے کی صلاحیت نہیں بلکہ اس کا پُرامن اور آئینی رہنا بھی ہے۔ اگر کسی احتجاج کے نتیجے میں سرکاری عمارتوں، پولیس اہلکاروں، میڈیا نمائندوں، دکانوں، گاڑیوں یا عام شہریوں کو نقصان پہنچتا ہے تو اس سے سیاسی مطالبات کی اخلاقی اور عوامی اہمیت بھی متاثر ہوتی ہے۔ سیاسی جماعتوں کو اپنے کارکنوں کے رویے کی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی۔

اور شرپسند عناصر کو اپنے سیاسی احتجاج کا حصہ بننے سے روکنا ہوگا۔

محسن نقوی نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ وفاقی حکومت چاہتی ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاست کا ساتھ دے۔ یہ معاملہ سیاسی اختلاف سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ خیبر پختونخوا اس وقت دہشت گردی کے سنگین چیلنجز سے دوچار ہے اور ایسے حالات میں اتحاد اور اس سے محبت و درمیان مؤثر تعاون قومی ضرورت ہے۔ سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن دہشت گردی کے خلاف قومی اتفاق رائے اور مشترکہ حکمت عملی کو متاثر نہیں ہونا چاہیے۔ یہی ضروری ہے کہ وفاقی حکومت اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان سیاسی اختلافات کو ادارہ جاتی تصادم میں تبدیل نہ ہونے دیا جائے۔ مرکز اور صوبے ایک دوسرے کی مخالف کا محاذ نہ کھولیں۔

اگر سیاسی اختلافات بڑھتے ہوئے انتظامی محاذ آرائی کی شکل اختیار کریں تو اس کا نقصان براہ راست عوام کو پہنچتا ہے۔ اس لیے موجودہ کشیدگی میں سیاسی قیادت کے لیے بہتر راستہ یہی ہے کہ وہ بیان بازی میں شدت پیدا کرنے کے بجائے اپنے رابطے متواتر کرے۔ جن معاملات کو دوبارہ سیاسی اور آئینی مکالمے کے لیے کابھی قابل توجہ ہے کہ لانگ مارچ سے نمٹنے کے لیے مکمل انتظام کیا گیا ہے۔ یقیناً امن و امان کی منصوبہ بندی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کسی بھی بڑے احتجاج سے قبل انتظامیہ کو شہریوں کی آمد و رفت، پبلک ٹرانسپورٹ تک رسائی، ایمبولینس سروس، کاروباری سرگرمیوں اور عام تعمیلیات کی حفاظت کے لیے مناسب انتظامات کرنا ہوتے ہیں۔

غلام محمد آباد گرین بیلٹ کیس میں اہلِ علاقہ کی کامیابی، درخواست منظور

تجاوزات کے خاتمے، گرین بیلٹ کی بحالی اور شہر کاری کے اقدامات کی یقین دہانی، اہل علاقہ کا خیر مقدم



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) غلام محمد آباد پانی والی چکی نزد سنڈیکٹ گرین بیلٹ کی بحالی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے اہلِ علاقہ کی جانب سے دائر کی جانے والی کاوشیں رنگ لے آئیں۔ متعلقہ محکمہ کی جانب سے درخواست پر کارروائی کرتے ہوئے گرین بیلٹ کی بحالی اور آسٹکہ تجاوزات کی روک تھام کے حوالے سے اہل علاقہ کو یقین دہانی کرائی گئی ہے، جس پر علاقہ مکینوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اہل علاقہ کی جانب سے متعلقہ حکام کو دی گئی درخواست میں نشاندہی کی گئی تھی کہ غلام محمد آباد پانی والی چکی نزد سبزی منڈی سے CIA سٹاف تک واقع گرین بیلٹ طویل عرصے سے ٹوٹ پھوٹ اور عدم توجہی کا شکار ہے، جبکہ سبزی فروشوں کی ریڑھیوں، کھلے اسٹالز اور گاڑیوں کی پارکنگ کے باعث گرین بیلٹ کی خوبصورتی اور افادیت متاثر ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ کچرے کے ڈھیروں کے باعث اہل علاقہ اور راہ گیروں کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ درخواست (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

ہم کشمیری متاثرین زلزلہ نام زندگی اسے کبھی فراموش نہ کریں گے، خواجہ فاروق احمد

مظفرآباد شہر کا کوئی گھرانہ ایسا نہیں جس نے اپنے عزیزوں، پیاروں کی جدائی کا صدمہ برداشت نہ کیا ہو

مظفرآباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر کے سابق اپوزیشن لیڈر خواجہ فاروق احمد نے 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ کے شہداء جن میں میرے والد خواجہ محمد حنان بھی مظفرآباد آزاد کشمیر کے الگ الگ 70 ہزار کے قریب شہداء شامل تھے کی آج قوم 21 ویں برسی رسم شہادت کے دن اور سب شہداء کی بلندی درجات کیلئے دعا کر رہی ہے، مظفرآباد شہر کا کوئی گھرانہ ایسا نہیں جس نے اپنے عزیزوں، پیاروں کی جدائی کا صدمہ برداشت نہ کیا ہو، سیکڑوں زخمی ہوئے، کئی لاپتہ ہوگئے،

8 اکتوبر 2005ء کا زلزلہ ایک قومی سانحہ تھا، راجہ چنگیز خان

زلزلے میں اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں کا دکھ آج بھی تازہ ہے

بٹگرام (این این آئی) مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر برطانیہ کے رہنما راجہ چنگیز خان نے کہا ہے کہ 8 اکتوبر 2005 کا زلزلہ ایک قومی سانحہ تھا، جس نے آزاد کشمیر سمیت پورے ملک کو گہرے صدمے سے دوچار کیا اس کی یاد آج بھی تازہ ہے۔ 8 اکتوبر ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے

8 اکتوبر قومی سانحہ کا دن، ٹھہرائے زلزلہ کی قربانیاں تاریخ کا روشن باب ہیں، شرافت علی قلعی

آج کا دن ہمیں ان ہزاروں معصوم شہداء کی یاد دلاتا ہے جو کسی قدرتی آفت کا شکار ہوئے، جو گھروں میں سے چلے گئے مگر ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے، شرافت علی قلعی

شرافت علی قلعی کا کہنا تھا کہ آج کا دن ہمیں ان ہزاروں معصوم شہداء کی یاد دلاتا ہے جو لمحوں میں ہم سے جدا ہو گئے۔ اس قیامت خیز زلزلے نے نہ صرف ہزاروں خاندانوں کو اجاڑ دیا بلکہ آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا کے بڑے حصے کا انفراسٹرکچر مکمل طور پر تباہ کر کے رکھ دیا۔

سینئل کارپوریشن کے انجینئر سہیل عباد بروہی چیئرمین ڈاکٹر بندہ علی کا مختلف مضمونوں کا جائزہ، شیخ مجاہد کا رکام جلد مکمل کرنے کی ہدایت

سکھر (این این آئی) سکھر سینئل کارپوریشن کی شاہ راہوں پر لگی 9 نئی ایل ای ڈی لائٹس منظور شدہ ترقیاتی اسکیموں کے تحت جاری اور مکمل ہونے والے کاموں کا سینئل کارپوریشن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 49)

سکھر، ریلے سے اراضی سے مکینوں کی بے دخلی پر سچے پیو آئی کا احتجاج کا اعلان

سکھر (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام سندھ کے سکھر ڈویژن کے جنرل سیکرٹری محمد ریاض پنہور، جنرل سیکرٹری سید عبدالرشید پارخان، جنرل سیکرٹری شاہد حسین سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے نائر جلاؤ کمیٹی، بیروزگاری، لوڈشیڈنگ اور امن و امان کی ابتر صورتحال پر پی ای آئی حکومت کیخلاف نعرے بازی کی۔

خیبر پختونخوا میں شہری صوبائی حکومت کیخلاف سڑکوں پر نکل آئے

مظاہرین کا صوبائی حکومت سے خیبر پختونخوا میں امن قائم کرنے کیلئے عملی اور ٹھوس اقدامات اٹھانے کا مطالبہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں مہنگائی، بے روزگاری اور امن و امان کی ابتر صورتحال، شہری صوبائی حکومت کیخلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ مالاکنڈ کی تحصیل درگئی میں حقوق ڈریڈ یونین اور پنشنر پارٹی کی جانب سے مہنگائی، بیروزگاری اور لوڈشیڈنگ کیخلاف شدید احتجاج کیا گیا جس میں متحدہ ڈریڈ یونین کے صدر اسفند یار خان، جنرل سیکرٹری محمد حسین سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے نائر جلاؤ کمیٹی، بیروزگاری، لوڈشیڈنگ اور امن و امان کی ابتر صورتحال پر پی ای آئی حکومت کیخلاف نعرے بازی کی۔

سانحہ بلدیہ ٹاؤن؛ ملزمان کی بریت کے خلاف حکومتی نظرثانی درخواست خارج

سپریم کورٹ کا ایم کیو ایم کی جانب سے عدالتی ریمارکس حذف کرنے کی درخواستیں بھی مسترد، 3 رکنی بینچ نے نظرثانی درخواستوں پر سماعت کی

سپریم کورٹ نے سانحہ بلدیہ ٹاؤن کیس میں ملزمان کی بریت کے خلاف سندھ حکومت کی نظرثانی درخواستیں خارج کردیں۔

درخواستیں بھی مسترد کردی، جسٹس عقیل احمد عباسی اور جسٹس شکیل احمد پر مشتمل سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے سانحہ بلدیہ ٹاؤن کیس میں نظرثانی درخواستوں پر سماعت کے دوران سندھ حکومت کی جانب سے

پنشن بچت کنندگان کیلئے کم لاگت سرمایہ کاری کا نیا آپشن

ایس ای سی پی کا والٹری پنشن اسکیم کے تحت 'پیو اکیچ سب فنڈ' متعارف کرانے کا اعلان، فراہمی کی حتمی جنوری 2027 سے ہوگی

کراچی (این این آئی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے والنٹری پنشن اسکیم کے تحت 'پیو اکیچ سب فنڈ' متعارف کرا دیا ہے، جس کی فراہمی کی حتمی جنوری 2027 سے شروع ہوگی۔ نئے فنڈ کا مقصد پنشن بچت کنندگان کو اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کیلئے سادہ اور کم لاگت آپشن فراہم کرنا ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق پیو اکیچ سب فنڈ خصوصی مارکیٹ انڈیکس کو ٹریک کرتے ہوئے کم اخراجات میں سرمایہ کاری کا موقع فراہم کرے گا۔ یہ فنڈ موجودہ اثاثہ مارکیٹ میں سرمایہ اور حتمی مارکیٹ سب فنڈز کے ساتھ لازمی طور پر دستیاب ہوگا، جس سے پنشن بچت کنندگان کو فعال اور پیسو فنڈز میں سے انتخاب کا موقع ملے گا۔

UNIVERSITY OF KAMALIA

Kamalia Punjab Pakistan

TENDER NOTICE

University of Kamalia invites e-bids from eligible firms/companies/sole proprietors, registered with relevant authorities and tax departments, for the following single stage two envelope procurement under Punjab Procurement Rules, 2014:

Tender No.	Tender Name	Estimated Cost	Bid Security	Closing	Opening
UKM/Tender/2026-27/02	Procurement of Lab Equipment	PKR 10,000,000	PKR 200,000	27-10-2026 10:30 AM	27-10-2026 11:00 AM
UKM/Tender/2026-27/03	Procurement of IT Equipment	PKR 21,750,000	PKR 435,000	28-10-2026 10:30 AM	28-10-2026 11:00 AM

- Bidding documents are available free of cost on EPADS and PPRA Punjab websites.
- Original Bid Security must be deposited electronically through the Punjab e-Procurement System (EP) as per PPRA guidelines.
- Bid validity shall be 90 days. Bids will be opened in the presence of bidders or their authorized representatives as per PPRA Rules.
- Bidders can participate through e-procurement: https://ep.punjab.gov.pk
- The URL of the website of the PPRA is http://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

IPL:10613

SECRETARY PURCHASE COMMITTEE
UNIVERSITY OF KAMALIA
Ph 046-3411191 | www.ukm.edu.pk
Kamalia Punjab Pakistan

Scanned with CamScanner

بقیہ نمبر 1

ہے، ہم سیاسی لوگ ہیں، سیاسی لوگ فراخی میں آسانی اور شقاوٹ سے آگے بڑھتے ہیں، مذاکرات سے انکار نہیں کیا لیکن غیر مشروط مذاکرات ہونے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے باہر بیٹھ کر اندر والی چیزیں دیکھ کیں، بتاتا ہوں کہ پاکستان کا نظر ہے کہ مسائل کا حل بات چیت سے نکالا جائے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ہم نفرت کی سیاست کو ختم کرنا چاہتے ہیں، ہم نے اسلام آباد پولیس شریفوں میں جان و مال کے تحفظ، مؤثر سکیورٹی اور عظیم الشان امن وامان کے قیام کے لیے تمام تعاون جاری رکھے گی۔ افسران و جوان اپنی ڈیوٹی پوری ذمہ داری، پیشہ وارانہ مہارت اور مستعدی کے ساتھ سرانجام دیں تاکہ شہریوں کو محفوظ اور پُرامن ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 13

کمیٹی کے حوالے سے کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں، چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیے کہ بالیگوت کے فوٹس کے بعد پولیس حرکت میں آئی، وہ سائل سے غائب لڑکی عدالتی فوٹس کے بعد تھوڑی دیر کی کوشش میں بازیاب ہوگئی۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ ایسے مزید کتنے کمیسر زیر التوا ہیں؟ آئی جی پنجاب نے بتایا کہ 500 سے زیادہ کمیسر ہیں جن پر کام جاری ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ 500 کمیسر بہت بڑا ہے، والدین پر کیا گزرتی ہوگی، جن کی بچیاں غائب ہیں، خواتین کے کمیسر میں پولیس بہت لاپرواہی کرتی ہے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ پولیس ڈیپارٹمنٹ میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ لڑکی کا کیس ہے تو لڑکی اپنی مرضی سے گئی ہوگی۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر صوبہ بھر کے کمیسرز کے اعداد و شمار پر مبنی تفصیلی پیشرفت رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ نمبر 14

اقدامات اٹھانے کی ہدایت جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ پولیس اسلام آباد پولیس (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔

بقیہ نمبر 15

قادر مگوی کالونی کی پولیس ٹیم نے مبینہ سڑسٹھ چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 شریف گینگ کے 4 رکنی گروہ کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے چھ سو روپ موٹر سائیکل برآمد کرلیے گئے۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج ہے، جبکہ تفتیش جاری ہے۔ ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہونے کا اعتراف کیا ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں چوری، ڈکیتی، رابزنی اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے سدباب کے لیے بنائے ہوئے کریک ڈاؤن جاری رکھا ہوا ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کو ان کے حقیقی ہاتھوں سے محروم کرنے والے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں عزیمت کی جائیں اور ان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ اسلام آباد پولیس شہریوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کے بارے میں فوری طور پر حفاظت تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر 16

مارکیٹ اور ہسپتال کو قرار کیا گیا۔ حکام سے بھاری تعداد میں معروف رجسٹرڈ کمپنی کی جعلی ورکنگ بک برآمد ہوئیں۔ حکام نے بھی اجارات کرنے میں کمپنی کی معلومات تیار اور فروخت کرنے میں ملوث پایا گیا، ملزم گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔


بقیہ نمبر 17

کی انتویوں اور آلائشوں سے آکسل تیار کرنے پر کارروائی عمل میں لائی گئی، راجکی علاقے میں چھاپہ کر آلائشوں سے آکسل تیار کیا جارہا تھا، یونٹ کے پانچ ملیں ریجنگ کے ہوا خوروں کے اندر ذی احتیاطی کے ساتھ ہٹا دیئے گئے ہیں کہ اپنے بچوں کو ہنر مند بنائیں تاکہ وہ ملک وقوم کا اثاثہ ثابت ہوں۔ ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین کا کہنا تھا کہ ہمارا مقصد ہے کہ ہر بچہ ہنر مند بنے، ہم نے اپنے بچوں کو ہنر مند بنانے کے لیے ٹیکنیکل کالج قائم کیا ہے،

اساتذہ کی محنت اور پیشہ ورانہ وابستگی تعلیمی بہتری کی بنیاد ہیں، شیراز کاہلوں

استاد طلبہ کو صرف علم ہی فراہم نہیں کرتا بلکہ ان کی کردار سازی اور شخصیت کی تعمیر میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے

تعلیم یافتہ نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور تعلیم میں سرمایہ کاری در اصل مستقبل میں سرمایہ کاری ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق اپوزیشن لیڈر میٹرو پولیٹن کارپوریشن چوہدری شیراز کاہلوں نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے مستقبل کے معمار ہیں، تعلیم ترقی کی بنیادی شرط اور اساتذہ کی محنت روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں معیاری تعلیم کا فروغ اور ہر بچے تک تعلیم کی رسائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ استاد طلبہ کو صرف علم ہی فراہم نہیں کرتا بلکہ ان کی کردار سازی اور شخصیت کی تعمیر میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔اساتذہ کو بہتر سہولیات اور سازگار ماحول کی فراہمی ضروری ہے تاکہ وہ اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں انجام دے سکیں۔انہوں نے کہا کہ تعلیم یافتہ نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور تعلیم میں سرمایہ کاری در اصل مستقبل میں سرمایہ کاری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

ویٹ اینڈ میٹرز فیس صرف مجاز انسپکٹرز کو ادا کرنے کی ہدایت

غیر متعلقہ افراد سرکاری انسپکٹر بن کر فیس وصول کر رہے ہیں، شہری محتاط رہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) محکمہ ویٹ اینڈ میٹرز ضلع فیصل آباد نے تمام فیکٹری مالکان، منیجرز اور دکانداروں کو مطلع کیا ہے کہ ویٹ اینڈ میٹرز سے متعلق اپنی رسید/تصدیق صرف محکمہ کے متعلقہ انسپکٹرز سے ہی کرائیں۔ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز محمد عرفان نے بتایا کہ ضلع فیصل آباد میں امتیاز علی شاہ، اسامہ رؤف، عبدالمنان، محمد فراش انسپکٹر کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مشاہدے میں آیا ہے کہ بعض غیر متعلقہ/پرائیویٹ افراد جو بنیادی طور پر Repairers ہیں اور خود کو سرکاری انسپکٹر ظاہر کر کے عوام سے محکمہ کی سرکاری فیس وصول کر رہے ہیں

اویس لغاری کی فتح 4 کروز میزائل کے کامیاب تجربے پر قوم، پاک فوج کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیر توانائی اویس لغاری نے فتح 4 کروز میزائل کے کامیاب تجربے پر قوم اور پاک فوج کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ فتح 4 میزائل کا کامیاب تجربہ قومی دفاع کیلئے اہم پیش رفت ہے۔جاری بیان میں اویس لغاری نے کہا کہ فتح 4 کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)



فیصل آباد انجمن تاجران چنیوٹ بازار کے صدر حاجی ملک شاہد رسول کے قتل میں ملوث مقتدر سیاسی شخصیت کے بیٹے میاں عبدالمنان، حاجی اعظم بھلی، حاجی خالد پرویز، آفتاب احمد بٹ، مرزا عبدالرحمان بلوچ میاں اظہر محمود، مرزا شہباز مرزا، ملک بوکر شاہد، حافظ بلی، رانا اشفاق، ولید خالد، عارف خالد، سردار دلاور، محمد پرویز، محمد یونس، حمزہ ات